نیسلے پاکستان کی طرف سے 2020 کی پہلی سہ ماہی کیلئے مالیاتی نتائج کا اعلان

لاہور (30 اپریل، 2020)

نیسلے پاکستان نے COVID-19 کی عالمی وباء کی وجہ سے درپیش مشکلات کے باوجود گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 2.6 فیصد اضافہ کے ساتھ 29.8 بلین روپے کی آمدن کا اعلان کیا ہے۔ لاک ڈاؤن کی وجہ سے دفاتر میں جوسز اور پانی اور دیگر منصوعات کی فراہمی بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔ مزید برآں افغانستان کے ساتھ سرحد کی بندش کی وجہ سے ایکسپورٹ پر اثرات مرتب ہوئے۔ مالیاتی اخراجات میں اضافہ اور روپے کی قدر میں کمی کے اثرات کے نتیجہ میں موجودہ مدت کیلئے خالص منافع میں کمی ہوئی۔ سہ ماہی کیلئے مالیاتی نتائج کا اعلان کمپنی کے ہیڈ آفس میں منعقد بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں کیا گیا۔

COVID-19 کی عالمی وباء کی وجہ سے پیدا شدہ غیر معمولی صورتحال کے تناظر میں ہم ملازمین کی صحت اور فلاح و بہبود، کاروبار کے تسلسل اور ہماری ریلیف سرگرمیوں کے ساتھ طبقات کی مدد جاری رکھیں گے۔ ان حالات میں متاثرہ افراد اور فرنٹ لائن ہیروز کی غذائی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے COVID-19 کی عالمی وباء سے نمٹنے کے قومی ردعمل میں 100 ملین روپے مالیت کی امداد کا اعلان کیا ہے۔ اس اعلان کے تحت نیسلے پاکستان 4 ملین پر مشتمل دودھ کی سرونگ، آئرن سے بھرپور ڈیری مصنوعات، بچوں کے سیریلز، پانی، جوسز اور نقد عطیات دے گا۔ نیسلے پاکستان پاکستان ریڈ کریسنٹ سوسائٹی (PRCS) کے ساتھ شراکت داری قائم کرکے پی آر سی ایس (PRCS) کی فرسٹ ایڈ، ہنگامی صورتحال اور وبائی امراض کو کنٹرول کرنے میں مہارت سے استفادہ کرے گا۔ نیسلے پاکستان کی طرف سے دی جانے والی امدادی رقم بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں عوامی مقامات، قرنطینہ مراکز اور صحت کے مراکز پر واش بیسن نصب کرنے پر خرچ کی جائے گی۔ اس کے علاوہ کمپنی ملازمین کی طرف سے رضاکارانہ طور پر دی جانے رقم کے برابر اپنا حصہ ڈال کر اسے عطیہ کے طور پر دے گا۔

نیسلے پاکستان کے بارے میں:

نیسلے خوراک اور مشروبات تیار کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی ہے۔ دنیا کے 191 ممالک میں فعال ہے۔ نیسلے کے 3 لاکھ 28 ہزار ملازمین معیار زندگی کو بڑھانے اور صحت مند مستقبل کے لئے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے مقصد کیلئے پرعزم ہے۔ نیسلے والدین اور بچوں کیلئے انواع اقسام کی مصنوعات اور خدمات کی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کیلئے برابطہ کریں

ذیشان سہیل

پبلک افیئرز منیجر ،نیسلے پاکستان

رابطہ نمبر 0333-5284499

ای میل zeeshan.suhail@pk.nestle.com